21532 ـ كيا عورت اپنے خاوند كواس كے نام سے پكار سكتى ہے

سوال

كيا ممكن ہے كہ آپ مجھے يہ بتائيں كہ بيوى كا اپنے خاوند كو اس كےنام سے پكارنا جائز ہے ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

عورت كے ليے اپنے خاوند كے اس كے نام سے پكارنے ميں كوئي حرج نہيں ، كيونكہ اس كى ممانعت پر كوئي دليل نہيں پائي جاتى ، ليكن اس مسئلہ ميں لوگوں كى عادات اورعرف معتبر ہے ۔

كسى ملك ميں لوگوں كے اندر يہ معروف ہے كہ بيوى خاوند كومثلا كنيت سے پكارتى ہے ، اوران كے خيال ميں خاوند كانام لے كر پكارنا بے ادبى ہے ، يا پھر خاوند يہ پسند نہيں كرتا كہ اسے اس كانام لے كر پكارا جائے ، توعورت كواس كا خيال ركھنا چاہيے ۔

اس ليے كہ ايسا كرنے ميں خاوند سے حسن معاشرت ہے اوراللہ تعالى نے بھى حسن معاشرت كا حكم ديا ہے ، تويہ حسن معاشرت نہيں كہ اسے اس نام سے مخاطب كيا جائے جسے وہ ناپسند كرتا ہو ، يا پھر جسے لوگ نقص شمار كرتے ہوں ۔

خاوند اوربيوى كےليے ضرورى ہے كہ وہ ايك دوسرے كواس نام سے پكاريں جواس كے نزديك سب سے محبوب اورپيارا ہو ، اس ليے كہ اس ميں ان دونوں كے مابين محبت و الفت و مودت پيدا ہوگي اوراس ميں زيادتى بھى ہوگى۔

مناوى رحمہ اللہ تعالى نے فيض القديرميں صحبت كے آداب بيان كرتےہوئے كہا ہے كہ :

صحبت كے آداب ميں راز افشاں نہ كرنا بلكہ اسے چھپانا ، عيب كى پردہ پوشى كرنا ، لوگوں كى وہ مذمت والى باتيں اسے پہنچانے سے گريز كرنا جواسے اچھى نہيں لگتيں ، بلكہ اسے لوگوں كى اس كے بارہ ميں اچھى باتيں پہنچائي جائيں جوكہ اس كى تعريف كے بارہ ميں ہوں ۔

بات چيت ميں اچھا رويہ اختيار كرنا اوراس كى بات كوسننا ، حقوق ميں اس كا شكريہ ادا كرنا ، اس كى غير موجودگى ميں اس كے خلاف باتوں كى نفى كرنا اوراس كا دفاع كرنا ، اورضرورت كے وقت بغير طلب كيے اس كا ساتھ دينا ،

اسے نرمی اورتعریض کے ساتھ وعظ ونصیحت کرنا ، ۔ اگر اسے اس کی ضرورت ہوتو – اس کی غلطی اورکوتاہی سے صرف نظر کرنا ، اس پر عیب جوئي نہ کرنا ، اس کی زندگي اورموت کے بعد بھی خلوت میں اس کے لیے دعا کرنا ۔

اس کی خوشی کے وقت فرحت کا اظہار کرنا ، اوراگراسے کوئي نقصان ہوتو اس میں غم کا اظہار کرنا ، جب وہ آئے توسلام کرنے میں ابتدا کرنا ، مجلس میں اس کے لیے جگہ بنانا ، اس کے لیے اپنی جگہ سے نکلنا ، اوراس کے کھڑے ہونے کی صورت میں اس کے پیچھے جانا ، جب وہ کلام کررہا ہوتو خاموشی اختیار کرنا ، اجمالی طور پر یہ ہے کہ اس کے ساتھ اس طرح معاملہ کرنا جس طرح وہ پسند کرتا ہو ۔ ا ھ ، اختصار کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے ۔

واللہ اعلم .